16-10-2024 WEDNESDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں :

☆مرکزی نے ربیع سیزن کیلئے چھ فصلوں کی امدادی قیمت میں اضافہ کا اعلان کیا ہے۔اس نے ملازمین اور پنشنرس کے لئے ڈی اے میں بھی تین فیصد اضافہ کو منظوری دیدی ہے۔

☆ڈپٹی چیف منسٹر ملو بھٹی وکرما آرکا نے کہا ہے کہ حکومت حیدرآباد کی ترقی کے عہد کی پابند ہے۔

☆ہائی کورٹ نے آندھرا پردیش کیڈر کے آئی ایس عہدیداروں سے کہا ہے کہ وہ فوری ڈیوٹی جوائن کرے۔

☆ریاست کے کئی اضلاع میں آئندہ پانچ دن تک گرج چمک اور تیز ہواؤں کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔

☆☆☆☆☆

ریاستی حکومت کے مشیر محمد علی شبیر نے اعادہ کیا ہے کہ حکومت اقلیتوں اور دیگر کمزور طبقات کی بہبود کی پابند ہے۔حیدرآباد میں آج ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ حکومت نے اس سلسلہ میں اقدامات کئے ہیں۔انہوں نے کہا کہ اندراماں انڈولو پروگرام پر عمل آوری کی نگرانی کیلئے اندراماں کمیٹیاں تشکیل دی گئی ہیں۔ان کمیٹیوں میں شمولیت کیلئے اقلیتیں بی سی ای زمرہ کے تحت اہل ہیں۔انہوں نے کہا کہ ریاست بھر میں جامع سروے کیلئے حال ہی میں جو حکمنامہ جاری کیا گیا اس میں بی سی ای زمرہ بھی شامل ہوگا۔مختلف طبقات کے سماجی ومعاشی حالات کا جائزہ لینے کیلئے یہ سروے کیا جارہا ہے۔انہوں نے کہا کہ ینگ انڈیا انٹی گریٹیڈ ریسیڈینشل اسکول جیسے پراجکٹ سے بھی اقلیتوں کو فائدہ ہوگا۔

☆☆☆☆☆

ریاست کے بیشتر اضلاع میں اکا دکا مقامات پر آئندہ پانچ دن کے دوران گرج چمک اور تیز ہواؤں کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔دفتر موسمیات نے حیدرآباد کے بشمول ستائیس اضلاع کے لئے یلو الرٹ جاری کیا ہے۔اس نے کہا ہے کہ تیس تا چالیس کیلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے ہوائیں چل سکتی ہیں۔اس دوران حیدرآباد پر شمال مشرقی مانسون سرگرم ہے۔آئندہ دو دن کے دوران شہر میں ہلکی تا اوسط بارش کا امکان ہے۔دفتر موسمیات کے عہدیداروں نے بتایا کہ شہر کے بیشتر علاقوں میں کل ہلکی بارش ہوسکتی ہے۔میاں پور، گاجولا رامارم، جیڈی میٹلہ، پٹن چیرو کے بشمول مختلف علاقوں میں آج تیز رفتار ہوائیں چلیں۔

☆☆☆☆☆

کور آف ای ایم ای کے کمانڈنٹ اور ملٹری کالج آف الیکٹرانکس اینڈ میکانیکل انجینئرنگ کے کمانڈنٹ لیفٹننٹ جنرل نیرج وارشنے نے آج 82ویں EME کور ڈے کے موقع پر فرائض انجام دیتے ہوئے جانوں کی قربانیاں دینے والے بہادر سپاہیوں کو خراج عقیدت پیش کیا۔ون ای ایم ای سنٹر پر ایک خصوصی سائنک سمیلن منعقد کیا گیا۔ون ای ایم ای سنٹر، ای ایم ای ڈیپو بٹالین اور ای ایم ای ریکارڈس کے سیویلین ملازمین کے بشمول مختلف رینک کے عہدیداروں اور ان کے خاندانوں نے شرکت کی۔ون ای ایم ای سنٹر کے کمانڈنٹ بریگیڈیر پرشانت باچپائی نے کور کی کامیابیوں کا تذکرہ کیا اور تمام عہدیداروں پر زور دیا کہ وہ اپنی سخت محنت سے کور کو نئی اونچائیوں تک لے جائیں۔

☆☆☆☆☆

مرکز نے چنے، مسور دال، گیہوں، بالی، سن فلاور اور رائی کے بشمول چھ فصلوں کے لئے اقل ترین امدادی قیمت میں اضافہ کردیا ہے۔مارکٹنگ سیزن 2025-26 کے لئے ربیع کی فصلوں کے لئے امدادی قیمتوں کا اعلان کیا گیا۔ان فصلوں کی قیمت میں فی کنٹل ایک سو تیس تا تین سو روپئے کا اضافہ کیا گیا ہے۔چنے کی اقل ترین امدادی قیمت میں ساٹھ فیصد یعنی 5 ہزار 650 روپئے کا اضافہ کیا گیا ہے۔

☆☆☆☆☆

وزیراعظم نریندر مودی نے بی جے پی کی سرگرم رکنیت کی مہم کا آج پارٹی کے قومی صدر جے پی نڈا کی موجودگی میں افتتاح کیا۔انہوں نے اپنے سوشیل میڈیا پوسٹ میں کہا کہ وہ پہلے سرگرم رکن بننے پر فخر محسوس کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سرگرم رکن بننے کیلئے کسی بھی کاریا کرتا کو ایک بوتھ یا ودھان سبھا حلقہ میں پچاس ارکان کا اندراج کرانا ہوگا۔

☆☆☆☆☆

چپادنڈی کے رکن اسمبلی ماڈی پلی ستیم اور کریم نگر کے ضلع کلکٹر پامیلا ستپتی نے کسانوں سے کہا ہے کہ وہ امدادی قیمت پانے کیلئے اپنے پیداوری اشیاء کو حکومت کی جانب سے قائم کئے گئے خریدی کے مراکز تک لائیں۔انہوں نے آج ضلع کے گارسا کورتی گاؤں میں دھان کی خریدی کے ایک مرکز کا افتتاح کیا۔اس موقع پر رکن اسمبلی نے کسانوں سے کہا کہ وہ اپنی فصلیں درمیانی آدمیوں کو فروخت نہ کریں صرف حکومت کی جانب سے قائم کئے گئے خریدی مراکز پر ہی فروخت کریں۔کلکٹر نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ وہ خریداری کے مراکز پر کسانوں کو تمام سہولتیں فراہم کریں۔

☆☆☆☆☆

مرکزی وزیر کامرس وصنعت پیوش گوئل نے کہا کہ حکومت ملک میں معیار کا ایک جامع نظام تیار کرنے کیلئے زیرو ڈیفیکٹ ، زیرو ایفکٹ کے منترے کے ساتھ کام کر رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ گزشتہ دس سال کے دوران ملک میں کوالٹی کنٹرول کے آرڈس کے تحت اشیاء کی تعداد 106 سے بڑھ کر 732 ہوگئی ہے۔ وہ آج دہلی میں پہلے انڈین فاؤنڈیشن کوالٹی مینجمنٹ کے سمپوزیم کی اختتامی تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔

☆☆☆☆☆

پداپلی کی ڈسٹرکٹ کلکٹر کویا سری ہرشا نے کہا ہے کہ ڈی ایس سی کے تحت منتخب 73 امیدواروں کو ضلع میں اسکول اسسٹنٹ ،سکینڈری گریڈ ٹیچرس اور پی ٹی ایز کی حیثیت سے مقرر کیا جائے گا۔انہیں یہ جائیدادیں کونسلنگ کے بعد سونپی گئیں۔

☆☆☆☆☆

مرکزی وزیر مواصلات جیوتیر آدتیہ سندھیا نے کہا ہے کہ دنیا بھر کے جملہ ڈیجیٹل لین دین میں سے چھیالیس فیصد لین دین ملک میں ہوتے ہیں۔ دہلی میں آج انٹرنیشنل 6G سمپوزیم سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اس سال اگست میں یو پی آئی پر تقریباً 1.5 ارب لین دین ہوئے جن کی مالیت 275 ارب ڈالرس تھی۔انہوں نے ہر شہری کیلئے سائبر سکیورٹی کو یقینی بنانے کی ضرورت پر زور دیا۔مرکزی وزیر نے اس یقین کا اظہار کیا کہ بھارت 6G ٹیکنالوجی میں دنیا کی قیادت کرے گا۔

☆☆☆☆☆

بی آر ایس نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ موسیٰ ندی کو خوبصورت بنانے کے پراجکٹ کے نام پر غریبوں کے مکانات منہدم نہ کریں۔ موسیٰ ندی کے پراجکٹ کے سلسلہ میں پارٹی کے لیڈروں کے ساتھ ایک اجلاس کے بعد میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے بی آر ایس کے کارگزار صدر کے ٹی راما راؤ نے کہا کہ ان کی پارٹی پراجکٹ سے متاثر ہونے والے افراد کے تحفظ کے لئے ایک لائحہ عمل کا اعلان کرے گی۔انہوں نے کہا کہ ماضی میں کانگریس کی حکومتوں نے ہی مکانات کی تعمیر کی اجازت دی تھی۔ کے ٹی آر نے عوام کو تیقن دیا کہ اگر حکومت مکانات منہدم کرتی ہے تو بی آر ایس ان کے ساتھ کھڑی رہے گی۔اس دوران بی آر ایس کے ایک اور لیڈر ہریش راؤ نے الزام لگایا کہ ریاستی حکومت نے کنٹراکٹرس کو فائدہ پہنچانے کیلئے حیدرآباد کے اطراف تعمیر کی والی ریجنل رنگ روڈ کے سدرن کوارڈور میں تبدیلیاں کی ہیں۔انہوں نے کہا کہ ان تبدیلیوں سے سرکاری خزانہ پر بیس ہزار کروڑ روپئے کا بوجھ عائد ہوگا۔

☆☆☆☆☆

مرکزی کابینہ نے مرکزی حکومت کے ملازمین اور پنشنرس کے لئے ڈیرنس الاؤنس میں تین فیصد کے اضافہ کو منظوری دیدی ہے۔ کابینہ نے وزیراعظم نریندر مودی کی زیر صدارت اجلاس میں اس اضافہ کو منظوری دی۔ کابینہ کے فیصلوں سے میڈیا کو واقف کرواتے ہوئے وزیر اطلاعات ونشریات اشوینی ویشنو نے بتایا کہ ڈی اے میں اضافہ سے انچاس لاکھ سے زائد ملازمین اور چونسٹھ لاکھ سے زائد پنشنرس کو فائدہ ہوگا۔

تقریباً تمام اضلاع میں ڈی ایس سی کونسلنگ مکمل ہوگئی ہے اور منتخب امیدواروں کو اسکول اسسٹنٹ ،سکینڈری گریڈ ٹیچر اور پی ٹیز کے عہدوں پر مقرر کیا گیا ہے۔ رنگاریڈی ضلع میں تین سوتینتیس امیدواروں کو پوسٹنگ دی گئی ہے۔ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر سسیندر راوٗ نے بتایا کہ ایک سوتیس امیدواروں نے ملازمت شروع کردی ہے۔

☆☆☆☆☆

ریاستی وزیر پنچایت راج سیتا اکّا نے آصف آباد ضلع کے گنڈی گاوٗں میں اپ گریڈیڈ اسکول کا افتتاح کیا۔ انہوں نے ضلع ہیڈ کوارٹرس پر جانکاپوری اسکول میں سائنس لیاب کا بھی افتتاح کیا۔ انہوں نے پردھان منتری جن من اسکیم کے تحت ایس سی اور ایس ٹی طبقات کو طبی سہولتیں فراہم کرنے کیلئے چھ موٹر گاڑیوں کو جھنڈی دکھائی۔

☆☆☆☆☆

تلنگانہ ہائی کورٹ نے آئی ایس عہدیداروں کی پوسٹنگ کے سلسلہ میں مرکز کے ڈپارٹمنٹ آف پرسونیل اینڈ ٹریننگ کی جانب سے دیئے گئے احکامات میں مداخلت کرنے سے انکار کردیا۔ عدالت نے سنٹرل ایڈمنسٹریٹیو ٹریبونل کے فیصلہ کے خلاف عرضی دائر کرنے والے آندھراپردیش کیڈر کے آئی ایس عہدیداروں سے کہا کہ وہ محکمہ کی ہدایت کے مطابق ڈیوٹی جوائن کریں۔ عدالت نے واضح کیا کہ وہ ان احکام میں مداخلت نہیں کرے گی۔

☆☆☆☆☆

ڈپٹی چیف منسٹر ملو بھٹی وکرما آرکا نے کہا ہے کہ حکومت حیدرآباد کی ترقی کیلئے تمام اقدامات کرے گی۔ حیدرآباد میں آج بلڈرس کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اگر حیدرآباد کے برانڈ امیج بہتر ہوتی ہے تو تعمیری شعبہ بھی ترقی کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ بلڈرس کے مسائل حل کئے جائیں گے۔ انہوں نے بلڈرس سے کہا کہ وہ حیدرآباد کی ترقی میں اہم رول ادا کریں۔ ڈپٹی چیف منسٹر نے کہا کہ حیدرآباد کو عالمی درجہ کا شہر بنانے کیلئے دس ہزار کروڑ روپئے مختص کئے گئے ہیں۔ اس اجلاس میں وزیر آبپاشی اُتم کمار ریڈی اور اعلیٰ عہدیداروں نے شرکت کی۔

☆☆☆☆☆